**01-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

---------------------------------

**Music**

----------------------------

- ☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں 59 فیصد سے زیادہ افراد نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔
- ☆ اروناچل پردیش اور سکم میں کل اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔
- ☆ BJP اور آئی این ڈی آئی اے دونوں کے لیڈروں نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ انھیں لوک سبھا انتخابات میں اکثریت حاصل ہوگی۔
- ☆ افغانستان میں کشتی کے ایک سانحے میں کم از کم 20 افراد کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہے۔
- ☆ اور کھیلوں میں، تائیوان ایتھلیٹکس اوپن میں بھارت کے D.P. Manu نے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Lok Sabha Election**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں آج 59 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ اِس مرحلے میں سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 57 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے گئے۔ اِن میں اترپردیش اور پنجاب کی 13-13 سیٹیں، مغربی بنگال میں 9، بہار میں 8، اڈیشہ میں 6، ہماچل پردیش میں چار، جھارکھنڈ میں تین اور چنڈی گڑھ کی ایک پارلیمانی سیٹ شامل ہے۔

آج ہی اڈیشہ اسمبلی کی بقیہ 42 سیٹوں کیلئے بھی ووٹنگ ہوئی۔ مغربی بنگال میں تقریباً 70 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی جبکہ جھارکھنڈ میں تقریباً 69 فیصد، ہماچل پردیش میں 67 فیصد سے زیادہ، اڈیشہ اور چنڈی گڑھ میں لگ بھگ 63 فیصد، پنجاب اور اترپردیش میں تقریباً 56 فیصد اور بہار میں 49 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

اِس مرحلے میں مجموعی طور پر 904 امیدوار چناؤ میدان میں تھے، سرکردہ امیدواروں میں وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی، پارٹی کے لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر، روی شنکر پرساد اور کنگنا رانوت، کانگریس کے منیش تیواری اور وکرمادتیہ سنگھ، RJD کی میسا بھارتی، اور ترنمول کانگریس کے ابھیشک بنرجی شامل ہیں۔
اس طرح لوک سبھا کی 542 سیٹوں کیلئے 19 اپریل کو پولنگ کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا وہ 43 دن گزرنے کے بعد آج ختم ہوگیا۔ اب منگل کے روز ہونے والی ووٹوں کی گنتی کیلئے تیاریاں کی جارہی ہیں۔x

## Punjab Polling

پنجاب میں تقریباً دو کروڑ 14 لاکھ افراد ووٹ دینے کے مجاز تھے، جس میں سے تقریباً 55 اعشاریہ 6 فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

VC Sishu Sharma Shantal

ہمیشہ کی طرح پُرامن ووٹنگ کی اپنی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آج پنجاب کے رائے دہندگان نے اس بار پھر 328 امیدواروں کی قسمت کو EVMs میں مقفل کر دیا۔
جمہوریت کے اس تہوار میں شدید گرمی کا مقابلہ کرتے ہوئے تمام عمر کے افراد نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ خاص کر صبح میں ووٹنگ کے عمل کے آغاز سے بہت پہلے ہی ووٹنگ مراکز پر لوگوں کی قطاریں دیکھی گئیں۔ انتخابی عمل کو کامیابی کے ساتھ انجام دینے کیلئے انتخابی کمیشن نے وسیع تر انتظامات کئے تھے۔ آکاشوانی خبروں کیلئے شیشو شرما سنتھال کی رپورٹ کے ساتھ میں اصغر علی۔

## West Bengal Polling 7th Phase

مغربی بنگال میں آج کے چناؤ میں ریاست کے سبھی حلقوں سے رائے دہندگان کو ڈرانے دھمکانے اور جھڑپیں ہونے کی اطلاعات ملی ہیں۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC Kalyan Laha

آج مغربی بنگال میں جھڑپ اور خونریزی کے پر تشدد ماحول میں الیکشن ہوا۔ مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ چناؤ پُرامن رہا۔ لیکن ریاست کے آخری مرحلے کے چناؤ میں رائے دہندگان کو دھمکیاں اور رخنہ کا سامنا کرنا پڑا۔ اپوزیشن پارٹیوں نے انتخابی کمیشن کو اپنی شکایتیں درج کرائی ہیں۔دو گرفتاریاں بھی ہوئی ہیں۔ آج کلکتہ کے شمال اور جنوب کے 24 پرگنہ ضلعوں کے 9 سیٹوں پر ووٹ ڈالے گئے۔
مغربی بنگال کے سندربن حیاتیاتی تنوع اور ساحلی علاقوں کے گاؤں میں ووٹ ڈالے گئے ۔ آخری خبریں ملنے تک 68 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ بارانگر اسمبلی حلقے میں آج ضمنی انتخابات بھی ہوئے۔
کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی خبروں کیلئے میں فیصل حبیب۔

## ECI Voters

انتخابی کمیشن نے ووٹروں، سیاسی پارٹیوں، پولنگ مشینری اور ہر اس شخص کا شکریہ ادا کیا ہے جس نے ووٹنگ کے عمل کو کامیاب بنانے میں حصہ لیا۔ لوک سبھا انتخابات 19 اپریل سے شروع ہو کر آج یکم جون کو مکمل ہونے کے ساتھ ہی بھارت نے ایک تاریخ رقم کی ہے۔ بھارتی جمہوریت اور بھارتی انتخابات نے ایک بار پھر ایک طلسماتی کارنامہ انجام دیا ہے اور بھارتیہ ووٹروں نے ذات، نسل، مذہب، سماجی اقتصادی اور تعلیمی پس منظر سے قطع نظر جمہوریت کے اس عمل کو انجام دیا ہے۔ کمیشن کے مطابق، حقیقی فاتح یقیناً بھارتی ووٹر ہے۔ اعلیٰ انتخابی کمیشنر، راجیو کمار کے ہمراہ انتخابی کمشنروں گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو اور کمیشن نے تہہ دل سے ووٹروں کا اظہار تہنیت کیا۔ جنھوں نے جو کئی چیلنجوں اور تذبذب کے باوجود پولنگ مراکز پر آئے اور اپنا جمہوری فرض ادا کیا۔

## Counting Votes

لوک سبھا انتخابات اور آندھراپردیش اور اڈیشہ میں اسمبلی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی منگل کو صبح آٹھ بجے شروع ہوگی۔ مختلف اسمبلی حلقوں کے ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی بھی منگل کو ہوگی۔

البتہ سکم اور اروناچل پردیش کے اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کل صبح 6 بجے شروع ہوگی۔

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے چناؤ کمشنروں، گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سندھو کے ہمراہ ووٹوں کی گنتی کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس میٹنگ میں سبھی اعلیٰ چناؤ افسر اور ریٹرننگ افسر بھی شریک ہوئے۔x

## BJP Nadda Polls

BJP کے صدر جے پی نڈّا نے یہ اعتماد ظاہر کیا ہے کہ عام انتخابات میں اُن کی پارٹی کو لوک سبھا کی 370 سیٹیں ملیں گی اور NDA چار سو سے زیادہ حاصل کرکے کامیاب رہے گا۔ انھوں نے نامہ نگاروں سے کہا کہ ملک کے عوام اِس چناؤ میں خوش کرنے پر مبنی سیاست، اقرباء پروری اور بدعنوانی کو مسترد کردیں گے اور بااختیار بنانے اور ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت کے نظریے کی حمایت کریں گے۔x

## India Block Meeting

منگل کے روز لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی سے قبل اپوزیشن کے آئی این ڈی آئی اے بلاک کی میٹنگ آج نئی دلّی میں ہوئی اور یہ اعتماد ظاہر کیا گیا کہ اُنھیں لوک سبھا کی 295 سیٹوں پر جیت حاصل ہوگی۔

میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ مختلف معاملات پر تبادلۂ خیال کیا گیا، جس میں چناؤ اور آئندہ کے چیلنج شامل ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ بلاک کے رہنماؤں نے TV چینلز پر لوک سبھا چناؤ کے فوراً بعد کے رائے عامہ کے جائزے Exit Poll کے بحث مباحثے میں شرکت کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

میٹنگ کے بعد عام آدمی پارٹی کے کنوینر اور دلّی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال نے دعویٰ کیا کہ آئی این ڈی

آئی اے بلاک مرکز میں نئی سرکار بنانے کیلئے آگے بڑھ رہا ہے۔
سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے دعویٰ کیا کہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد اترپردیش میں لوک سبھا کی بیشتر سیٹوں پر کامیابی حاصل کرے گا۔RJD کے لیڈر تیجسوی یادو نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے گروپ جیت رہا ہے اور وزیر اعظم کے عہدے کیلئے لیڈر کے نام کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔
آج کی میٹنگ میں شرکت کرنے والوں میں کانگریس کی سرکردہ سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور NCP (SCP) کے لیڈر شرد پوار بھی شامل ہیں۔ البتہ ترنمول کانگریس اور PDP نے اِس میٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔x

## Pakistan POK

پاکستان سرکار نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے سامنے یہ قبول کیا ہے کہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر PoK ایک غیرملکی علاقہ ہے۔ پاکستان کے ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت سے کہا کہ کشمیری شاعر اور صحافی احمد فرہاد شاہ PoK میں پولیس تحویل میں ہیں اور اُنہیں اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش نہیں کیا جاسکتا کیونکہ PoK ایک غیرملکی سرزمین ہے جو پاکستان کے دائرۂ اختیار میں نہیں آتی۔
عدالت احمد فرہاد شاہ کی اہلیہ کی داخل کردہ ایک درخواست کی سماعت کر رہی تھی۔ انھیں پاکستان کی انٹیلیجنس ایجنسیوں نے راولپنڈی میں اُن کی رہائش گاہ سے اغوا کرلیا تھا۔ وہ گذشتہ دو ہفتے سے لاپتہ تھے اور حال ہی میں یہ معلوم ہوا کہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں پولیس نے اُن کے خلاف دو کیس درج کئے ہیں۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے یہ سوال کیا کہ اگر پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر PoK ایک غیرملکی علاقہ ہے اور پاکستان کا اٹوٹ حصہ نہیں ہے تو پاکستانی فوج اور پاکستانی رینجرس وہاں کیسے داخل ہوئے۔ سماعت کے دوران ہائیکورٹ کے جج محسن اختر کایانی نے لوگوں کو جبراً اغوا کئے جانے کا سلسلہ جاری رکھنے پر پاکستان کی انٹیلیجنس ایجنسیوں پر نکتہ چینی کی۔x

## Afghan Boat Capsize

افغانستان کے مشرقی صوبے ننگرہار میں آج ایک دریا میں کشتی کے اُلٹنے سے کم از کم 20 افراد کی موت ہوگئی۔ ننگرہار صوبے کے محکمۂ اطلاعات کے سربراہ قریشی Badloon نے بتایا کہ Momand Dara ضلعے کے Basawul علاقے میں آج صبح ایک کشتی دریا میں اُلٹ گئی جس میں خواتین اور بچے بھی سوار تھے۔
مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق پانچ افراد کو بچا لیا گیا جبکہ پانچ لاشیں نکالی گئی ہیں۔ طالبان کی زیر قیادت وزارتِ صحت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایمرجنسی امدادی ٹیموں کو جائے حادثہ پر بھیجا گیا ہے۔ اس حادثے کی وجوہات کا پتہ لگایا جارہا ہے۔x

## IMD Mungeshpur

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ نئی دلّی کے Mungeshpur علاقے میں 29 مئی کو موسم سے متعلق خودکار نظام کے ذریعے دن کا درجۂ حرارت 52 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس کی جو اطلاع دی گئی تھی، وہ درست نہیں

ہے۔ موسمیات محکمے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایسا مذکورہ نظام کے Sensor میں خرابی کی وجہ سے ہوا۔
یہ پایا گیا ہے کہ منگیش پور کے موسم سے متعلق خودکار نظام کا ٹیمپریچر Sensor زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت، اسٹینڈرڈ آلے کے مقابلے تقریباً تین ڈگری سیلسیس زیادہ دکھا رہا تھا۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ ضروری اصلاحی اقدامات کئے جارہے ہیں تاکہ موسم سے متعلق خودکار نظام میں اس طرح کی غلطی دوبارہ نہ ہو۔x

## IMD Weather

شمال مغربی اور وسطی بھارت میں لوگوں کو شدید گرمی سے راحت ملنے کی امید ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق اِن خطوں میں دن کے درجۂ حرارت میں ایک سے تین ڈگری سلسیس تک گراوٹ آنے کا امکان ہے۔
اس کے ساتھ ساتھ پنجاب، ہریانہ، دلّی، راجستھان، اور مدھیہ پردیش کے کچھ مقامات نیز اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ جیسے مشرقی حصوں میں گرمی کا زور فی الحال جاری رہے گا۔x

## Prez VP Cyclone remal

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکڑ نے مغربی بنگال اور تلنگانہ سمیت ملک کے شمالی حصوں میں سمندری طوفان ریمل کے سبب جانی نقصان و تباہی پر اظہار افسوس کیاہے۔ نائب صدر نے اس قدرتی آفت کے تناظر میں سوگوار کنبوں کے ساتھ اظہار تعزیت کیا اور متاثرہ علاقوں میں حالات نارمل ہونے کیلئے دعا کی۔X

## Assam Flood

آسام میں سیلاب کی صورتحال اور خراب ہوگئی ہے۔ چھ افراد کی موت ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ ریاست کے 11 ضلعوں میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ افراد پر سیلاب کا اثر پڑا ہے۔ سمندری طوفان ریمل کے تناظر میں لگاتار بارش ہونے کے سبب بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔ کچھار، کریم گنج اور Nagaon ضلع سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔x

## Kerala Rain

کیرالا کے شمالی حصوں میں کل شام زبردست بارش ہوئی۔ جس کے سبب کئی مقامات پر معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا۔ محکمۂ موسمیات نے اُڈّکی، تھریسور، پلکّڈ، ملاپورم، کوزی کوڈ اور ویاناڈ ضلعوں کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے، جو موسلادھار بارش کے امکان کی طرف اشارہ کرتا ہے۔جبکہThiruvananthapuram اور کولم کو چھوڑ کر بقیہ ضلعوں کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ جنوبی کیرالا اور لکشدیپ کے ساحلوں میں ماہی گیری پر کل تک کیلئے بندش لگا دی ہے۔X

## LPG & ATF Price DROP

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے کمرشیل LPG گیس سلینڈر کی قیمت 69 روپئے پچاس پیسے کم کردی ہے۔ اس طرح اب دلّی میں ایک کمرشیل LPG گیس سلینڈر کی خردہ قیمت ایک ہزار 676 روپئے ہوگی۔ انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ نے یہ اعلان کیا ہے۔

کولکاتہ میں کمرشیل LPG سلینڈر کی قیمت 72 روپئے کم ہوگئی ہے جبکہ ممبئی میں ساڑھے 69 روپئے اور چنئی میں 70 روپئے پچاس پیسے کم ہوئی ہے۔ نئی قیمتوں کا اطلاق آج سے ہوگیا ہے۔

ادھر ہوائی جہازوں کے ایندھن کی قیمت میں ساڑھے چھ فیصد کی کمی کی گئی ہے۔x

## US Prez Gaza Conflict

امریکی صدر جو بائیڈن نے حماس پر زور دیا ہے کہ وہ غزہ میں تنازعہ کو ختم کرنے کیلئے اسرائیل کی نئی تجویز کو قبول کرے۔ تین حصوں پر مشتمل تجویز کی شروعات چھ ہفتے کی جنگ بندی کے نفاذ کے ساتھ ہوگی جس کے تحت اسرائیلی دفاعی افواج غزہ کے آبادی والے علاقوں سے ہٹ جائیں گی۔

اس پیش رفت کے ساتھ ہی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد پہنچانے اور فلسطینی قیدیوں کی رہائی کے بدلے کچھ یرغمالوں کو چھوڑے جانے کے عمل میں تیزی آئے گی۔ اس سمجھوتے سے بالآخر عداوت کے مستقل خاتمے اور غزہ کیلئے ایک بڑے پیمانے پر تعمیرات نو منصوبے کی راہ ہموار ہوگی۔X

## Javelin Gold

ایتھلٹکس میں تائیوان ایتھلیٹکس اوپن ٹورنامنٹ میں بھارت کے DP Manu نے سونے کا جبکہ نتیا رام راج نے چاندی کا تمغہ جیتا۔

مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں Manu نے 81 اعشاریہ پانچ آٹھ میٹر کی دوری تک نیزہ پھینک کر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انھوں نے 78 اعشاریہ تین دو میٹر کی دوری تک نیزہ پھینک کر مقابلے کا آغاز کیا تھا۔البتہ چھٹی اور آخری کوشش میں انھوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اوّل مقام حاصل کیا۔

ادھر خواتین کی 100 میٹر کی Hurdles میں نتیا رام راج نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ انھوں نے 13 اعشاریہ دو تین سیکنڈ کا وقت لیا۔ سابق عالمی چمپئن امریکہ کی Nia Ali نے 12 اعشاریہ آٹھ صفر سیکنڈ کے ساتھ سونے کا تمغہ جیتا۔x

## FIH Pro Hockey

ہاکی میں آج بھارت نے عالمی چمپئن جرمنی کو تین-صفر سے شکست دے کر FIH پرو ہاکی لیگ کے لندن مرحلے کا آغاز کیا۔ کپتان ہرمن پریت سنگھ نے سولہویں منٹ میں پہلا گول کیا۔ اس کے بعد سکھ جیت سنگھ نے 41ویں منٹ میں اور اس کے تین منٹ بعد Gurjant سنگھ نے گول کرکے اسکور تین-صفر تک پہنچا دیا۔

اب بھارت کل برطانیہ کے خلاف کھیلے گا۔ پوائنٹس ٹیبل میں 13 میچوں کے بعد 24 پوائنٹ حاصل کرکے بھارت تیسری پوزیشن پر ہے جبکہ نیدرلینڈس 12 میچوں سے 26 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے۔ اِدھر ارجنٹینا 14 میچوں کے بعد 26 پوائنٹس حاصل کرکے دوسری پوزیشن پر ہے۔x

## Badminton Bonn International

بیڈمنٹن میں بھارت کی Tanvi Sharma نے جرمنی میں Bonn بین الاقوامی بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں خواتین سنگلز کا ٹائٹل جیتا ہے۔ نوجوان بھارتی کھلاڑی نے فائنل میں تائیوان کی Wang Pei Yu کو سیدھے سیٹوں میں اکیس-اُنیس اور بائیس-بیس سے ہرا دیا۔ پندرہ سالہ Tanvi Sharma کا یہ پہلا سینئر ٹائٹل ہے۔x

## Boxing Qualification

Boxing میں بھارت کی Jasmine Lamboria تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں جاری Boxing ورلڈ کوالیفائرس میں خواتین کے 57 کلو گرام کے زمرے میں کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ اس طرح وہ پیرس اولمپک کوٹہ حاصل کرنے سے ایک قدم دور رہ گئی ہیں۔ اب کوارٹر فائنل میں Jasmine کا مقابلہ مالی کی Marine Camara سے ہوگا۔ادھر مردوں کے 57 کلو گرام کے زمرے میں بھارت کے مکے باز سچن Sivach سیمی فائنل میں ہار گئے۔x

☆☆☆☆☆